عمومی کمر درد (Urdu translation)

بہت سے مریضوں کو کمر درد، ٹانگ کا درد، ٹانگ کا سُن ہو جانا، اور کمزوری جیسی بیماریوں کے مجموعے کا سامنا ہوتا ہے۔ یہ علامات آپ کے لیے پریشان کن ہو سکتی ہیں لیکن ضروری نہیں کہ ان کے لیے ہنگامی طبی علاج درکار ہو۔ **کمر کی ایک نایاب لیکن سنگین بیماری، کاؤڈا ایکوینا سنڈروم(Cauda Equina Syndrome)، دائمی نقصان یا معذوری کا سبب بن سکتی ہے اور اسے ریڑھ کی ہڈی کے ماہرین کی ہنگامی ٹیم کو دکھانے کی ضرورت ہو گی۔ کاؤڈا ایکوینا سنڈروم کی کچھ انتباہی علامات کے لئے کارڈ کی کی دوسری جانب دیکھیں۔**

MUSCULOSKELETAL ASSOCIATION OF CHARTERED PHYSIOTHERAPISTS

NHS DynamicHealth

NHS Bolton NHS Foundation Trust

uclan University of Central Lancashire

کاؤڈا ایکوینا سنڈروم کی انتباہی علامات

- آپ کی رانوں کے درمیان یا جنسی عضو کے آس پاس احساس ختم ہو جانا یا سوئیاں چبھتے ہوئے محسوس ہونا
- آپ کے مقعد یا چوتڑ کے اندر یا اس کی اطراف کا سُن ہو جانا
- پاخانے کے بعد ٹائلٹ پیپر سے اپنی صفائی کرتے ہوئے مختلف محسوس کرنا
- جب آپ پیشاب کرنے کی کوشش کریں تو دشواری میں اضافہ
- جب آپ پیشاب کو روکنے یا اس کا بہاؤ کنٹرول کرنے کی کوشش کریں تو دشواری میں اضافہ
- پیشاب کرتے ہوئے حِس ختم ہو جانا
- پیشاب کا رساؤ یا حال ہی میں پیڈز کے استعمال کی ضرورت پڑی ہو
- پتہ نہ چل سکنا کہ کب آپ کا مثانہ بھرا ہے اور کب خالی ہے
- پاخانے کو نکلنے یا رِسنے سے روکنے میں معذوری
- جب پاخانہ نکل رہا ہو تو حِس ختم ہو جانا
- تناؤ ہونے یا منی کے اخراج کی صلاحیت میں تبدیلی
- جنسی عمل کے دوران جنسی عضو میں حِس کا ختم ہو جانا

ان علامات کا کوئی بھی مجموعہ پایا جائے تو فوری مدد طلب کریں